# ۸۔ نورُاللہ



(دوسری جماعت کے استاد بچّوں کی حاضری لے رہے ہیں)

اُستاد : عبدُالصّمد!

عبدالصّمد : حاضر جناب۔

اُستاد : عبدالسّلام!

عبدالسّلام : جی، حاضر ہوں۔

عبدالصّمد : جناب، میرا نام عبدل صمد ہے۔ آپ ہمیشہ مجھے عبدص صمد کیوں پکارتے ہیں؟

عبدالسّلام : اور جناب، مجھے بھی آپ عبدُس سلام کہتے ہیں۔ میرا نام تو عبدُل سلام ہے۔

اُستاد : (مسکرا کر بچّوں کی طرف دیکھتے ہیں) اچھّا کیا جو آج تم نے یہ بات پوُچھ لی۔ (عبدالصّمد کی طرف دیکھ کر) تمھارا صحیح نام عبدُص صمد ہی ہے۔ اِسی طرح تمھارے دوست کا نام عبدُس سلام صحیح ہے۔

عبدالصّمد : آپ ہمارے نام اس طرح کیوں لیتے ہیں؟

اُستاد : (تمام بچّوں سے) دھیان سے سنو بچّو! تم نے جو الف بے تے کے حرُوف سیکھے ہیں، ان میں کچھ حرُوف ایسے ہیں کہ ان سے پہلے "ال" لکھتے تو ہیں مگر پڑھتے نہیں جیسے ت، ث، ر، س، ش،

عبدالسّلام : جی ہاں، میرے نام میں سِین آتی ہے۔

اُستاد : (مسکراتے ہیں) اور کچھ حرُوف ایسے ہوتے ہیں جن سے پہلے 'ل' پڑھی جاتی ہے جیسے ب، ج، ح، ک، ق

عبدالکریم : جناب، جیسے میرا نام عبدالکریم ہے۔

استاد : ہاں، تم نے ٹھیک سمجھا۔ تمھارے نام میں عبدل پڑھنا صحیح ہے۔ عبدالکریم کو عبدل کریم اور

عبدالجبّار کو عبدل جبار پکاریں گے۔ اب دیکھو، میں کچھ اور نام بورڈ پر لکھتا ہوں۔

(استاد نجم النّسا نام لکھ کر بلند آواز سے پڑھتے ہیں) نجمن نسا۔

**بچّے** : (دہراتے ہیں) نجمن نسا۔

**اُستاد** : اسے 'ال' کے ساتھ لکھا گیا ہے مگر 'ال' کے بغیر پڑھیں گے۔ اب دوسرے نام دیکھو، نورُ اللہ۔

(بچّے نوراللہ پڑھتے ہیں)

**اُستاد** : (مسکراتے ہوئے) نورُل لاہ۔

**بچّے** : (دہراتے ہیں) نورُل لاہ۔

**اُستاد** : اسے اس طرح لکھیں گے (بورڈ پر نوراللہ لکھتے ہیں) اور نورل لاہ پڑھیں گے۔
عبد الرّشید، شمس الدّین، کریم الدّین ایسے ہی نام ہیں۔ اب ان ناموں کو سُنو اور سُن کر دہراؤ۔
عبدُل باقی۔

**بچّے** : عبدُل باقی۔

**اُستاد** : اس نام کو 'ال' کے ساتھ لکھیں گے اور 'ل' کے ساتھ بولیں گے۔ (استاد بورڈ پر عبدالباقی لکھتے ہیں)
ایسے دوسرے نام اور ہیں جیسے نورالعین، عبدالغفّار، عبدالحق۔

**عبدالکریم** : اور جناب میرا نام بھی عبدالکریم ہے۔

(سب بچّے ہنسنے لگتے ہیں)

## مشقی سرگرمیاں

❁ دیکھو، پڑھو، لکھو۔

جماعت (جَ - ما - عَت) ........................ حاضری (حا - ض - ری) ........................

عبدالصمد (عَب - دُص - صَ - مَد) ..................................

عبدالکریم (عَب - دُل - کَ - ری - م) ..................................

صحیح (صَ - حی - ح) ...............................

حروف (حُ - رو - ف) ...............................

نجم النسا (نَج - مُن - نِ - سا) ...............................

بلند (بُ - لَن - د) ..........................

نوراللہ (نو - رُل - لاہ) ..........................

عبدالحق (عَب - دُل - حق) ..........................

❁ استاد ذیل کے ناموں کو بورڈ پر لکھے اور انھیں پڑھے۔طلبہ دہرائیں۔

عبداللہ ، نجم النّسا ، عبدالصّمد ، نوراللہ ، ناصرالدّین ، عبدالباقی ، عبدالرّشید ، شمس الدّین ، نورالعین ، نورالدّین ، عبدالکریم ، کریم الدّین ، عبدالغفّار ، قمرالزّماں ، عبدالحق ، شمس النّسا۔

❁ استاد طلبہ کی جوڑیاں بنائے۔ایک طالب علم وہ نام لے جس میں 'ل' پڑھا جاتا ہے۔جیسے عبدل + کریم ، عبدل + غفّار ، عبدل + حق

اپنے پانچ دوستوں/سہیلیوں کے نام اس طرح توڑ کر لکھو۔

❁ استاد تختۂ سیاہ پر ایسے نام لکھے جن میں 'ال' بولا نہیں جاتا۔جیسے شمسُد + دین ، عبدُر + رشید ، ناصرُد + دین

❁ صحیح خانے میں نام لکھو۔

| 'ل' پڑھا جاتا ہے | 'ل' نہیں پڑھا جاتا |
|---|---|
| .......................... | .......................... |
| .......................... | .......................... |
| .......................... | .......................... |
| .......................... | .......................... |



CJCDTQ